# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time** 07:30.......07:40 **/PM**

Date: 02-August-2026

Opening

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

✓ ۱ ۔۔۔۔وزیراعظم نریندر مودی کی نوجوانوں سے منشیات سے ہمیشہ دور رہنے اور صحت مند طرز زندگی اختیار کرنے کی تلقین/نئی دلی میں ورچول طریقے سے نشہ مُکت یوا وکست بھارت سنکلپ ابھیان کا کیا آغاز۔

✓ ۲ ۔۔۔۔صحت مند نوجوان، مضبوط خاندان اور باشعور عوام ہی ترقی یافتہ بھارت کی حقیقی شناخت/ایل جی منوج سنہا۔

✓ ۳ ۔۔۔۔چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے ثقافتی اور تاریخی ورثے کے مقامات کے تحفظ اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر دیا زور۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔گلاسگو میں جاری کامن ویلتھ کھیل مقابلوں کا آج آخری دن/بھارت اب تک **39** میڈل حاصل کرکے چوتھے مقام پر۔

PM نشہ مکت

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی سے ورچول طریقے پر ''نشہ مکت یوا فاروکست بھارت سنکلپ ابھیان'' کا آغاز کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس مہم کے آغاز کے ساتھ ہی منشیات کے خلاف عوامی شمولیت پر مبنی 100 ہفتوں کی ملک گیر مہم شروع ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر اتوار کو ملک بھر میں مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ عوام میں بیداری پیدا کی جاسکے اور منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں مدد مل سکے۔

-----V/O-----

وزیر اعظم نے کہا کہ جیسے جیسے بھارت ایک ترقی یافتہ ملک کی جانب بڑھ رہا ہے ویسے ہی ملک کے نوجوانوں کا ذہنی طور پر مضبوط ،سماجی طور پر تندرست اور خوداعتماد ہونا بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ منشیات سے ہمیشہ دور رہیں اور صحت مند طرز زندگی اختیار کریں۔

------V/O------

وزیر اعظم نے اساتذہ ، پروفیسروں اور تعلیمی اداروں کے زعما سے اپیل کی کہ وہ طلبا کو منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری فراہم کر کے نوجوانوں کو منشیات سے محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر اعظم نے کنبوں پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں بدنامی کے ڈر سے منشیات کے استعمال کے کیسوں کو پوشیدہ نہ رکھیں ۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے کنبوں کو بروقت مدد کیلئے آگے بڑھ کر کھل کر بات کرنی چاہئے اور ماہرین سے صلاح لینی چاہئے۔ اس تقریب میں ملک بھر کے 28 ہزار سے زائد مقامات کے ایک کروڑ سے زائد نوجوانوں نے شرکت کی۔

---

ایل جی نشہ مکت

ادھر سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کھیل کود محکمے اور سکاسٹ کشمیر کے زیر اہتمام یوٹی سطح کی منعقدہ ''نشہ مکت یوا فاروکست بھارت سنکلپ ابھیان'' کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی ۔اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ سال 2020 میں وزیر اعظم کی جانب سے شروع کیا گیا ''نشہ مکت بھارت ابھیان'' نہ صرف ایک سرکاری پروگرام ہے بلکہ منشیات کے خلاف ایک سماجی تحریک بھی ہے جس کا مقصد عوام میں خود نظم

وضبط، مثبت سوچ اور مضبوط عزم کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ صحت مند نوجوان، مضبوط خاندان اور باشعور عوام ہی ترقی یافتہ بھارت کی حقیقی شناخت ہوں گے۔

-----V/O-----

منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ منشیات سے دور رہیں اور ساتھ ہی صحت مند، باکردار، نظم وضبط کے پابند اور ذمہ دار شہری بنیں۔ایل جی نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں کو 100 دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان جو 11 اپریل سے 20 جولائی تک منعقد کیا گیا، میں بڑھ چڑھ کر شرکت کرنے کیلئے مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ یہ مہم پورے ملک کیلئے ایک کامیابی کی مشعل بن گئی۔اس موقعے پر سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی، یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کے کمشنر سیکرٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ کے علاوہ کئی دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

---

پہلگام نشہ

ادھر پہلگام کے جواہر انسٹی چیوٹ آف ماؤنٹینرنگ اینڈ ونٹر سپورٹس میں نوجوانوں کیلئے ایک خصوصی جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔پروگرام میں مقامی نوجوانوں کے علاوہ سرکاری ملازمین اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے اشخاص نے وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے قومی مہم ''نشہ مکت یوا فار وکست بھارت'' کا ورچول خطاب سنا۔

---

سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ کھیلوں میں زیادہ سے زیادہ اپنی شرکت کو یقینی بنائیں اور نشہ سے دور رہیں۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں میں سرگرم شرکت نہ صرف جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بناتی ہے بلکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں اور کردار سازی میں بھی اہم رول نبھاتی ہے۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج تجن بڈگام میں مقامی کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔سرکار کے کھیلوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صحت مند، باوقار اور ترقی پسند معاشرے کی تعمیر کیلئے کھیلوں کو موثر ذریعہ بنایا جا رہا ہے۔اس ٹورنامنٹ میں شہر و دیہات کے 32 سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

جتندر سنگھ

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کٹھوعہ ضلعے میں **Ujh** کثیر مقاصد والے پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔ اس پروجیکٹ کی بدولت علاقے کے **90** ہزار کنال اراضی کو آبپاشی کی سہولیات فراہم ہوں گی۔ انہوں نے **Wapcos** لمیٹیڈ کے اعلیٰ حکام سے تفصیلی میٹنگ کی جس میں اس منصوبے کی جلد تکمیل کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ انہوں نے **Wapcos** کو ہدایت دی کہ معیار، حفاظت اور کارکردگی کے اعلیٰ ترین اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے جدید اور اختراعی طریقہ کار کو اختیار کیا جائے۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ منصوبے پر مرحلہ وار طریقے سے کام جاری ہے۔

---

سیوریج نظام

شہری بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور عوامی صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم کے طور پر جموں و کشمیر سرکار نے **19** کروڑ **61** لاکھ روپے کے ایک جامع سیوریج منصوبے کو منظوری دی ہے۔ اس منصوبے کے تحت احمد نگر، پاندچھ، الٰہی باغ، **90** فٹ روڈ کے دائیں جانب واقع علاقے، رنگپور زکورہ اور گلاب باغ میں جدید سیوریج نظام قائم کیا جائے گا۔ منصوبے کا مقصد ان علاقوں میں جدید سیوریج نظام قائم کرنا، عوام کو بہتر صفائی کی سہولیات فراہم کرنا اور گندے پانی کی سائنسی بنیادوں پر نکاسی اور موثر انتظام کو یقینی بنانا ہے۔

---

ست شرما

جموں و کشمیر بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں رہائش پذیر عوام اور سابقہ فوجی بھارت کے قومی سلامتی کے مضبوط ستونوں میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی ان کے مفادات اور ان کی فلاح و بہبود کی وعدہ بند ہے۔ وہ آج ترکوٹا نگر جموں میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر بی جے پی بارڈر سیل اور ایکس سروس مین سیل کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے۔

---

## کھٹانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں صاف توانائی اور پائیدار بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں بھارت کی نمایاں پیش رفت کی تعریف کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک سبز ترقی اور موسمیاتی شعور پر مبنی ترقی میں عالمی رہنما کے طور پر اُبھر رہا ہے۔بھارت کی پہلی مقامی طور پر بنائی گئی ہائیڈروجن سے چلنے والی ریل کے افتتاح کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی صاف وشفاف نقل وحمل کیلئے بھارت کی بڑھتی ہوئی تکنیکی صلاحیتوں اور عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

---

## وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

---

## چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج کولگام کے کاکرن علاقے میں ماتا کانتیانی بھگوتی استھاپن کی تاریخی دھرم شالہ کی بحالی اور مرمت کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔جس پر **2** کروڑ **84** لاکھ روپے لاگت آنے کا اندازہ ہے۔منصوبے کا مقصد دھرم شالہ کی مذہبی،ثقافتی اور تاریخی اہمیت کو محفوظ رکھنا اور سیاحوں کیلئے بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے تاریخی ورثے کے مقامات کے تحفظ اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

-----**V/O**-----

اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے چیف سیکرٹری کو مجوزہ بحالی منصوبے کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔

---

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ہمدردی کی بنیاد پر تقرری کے معاملات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی کہ وہ طے شدہ اصولوں اور طریقہ کار کے مطابق تمام زیر التواء معاملات کو جلد نمٹائیں۔ وہ سرینگر میں ڈپٹی کمشنروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ صوبائی کمشنر نے تمام زیر التواء معاملات کے بروقت نپٹارے پر زور دیا۔ میٹنگ میں ڈویژنل کمشنر نے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر غلط معلومات کو روکنے کیلئے محکمہ اطلاعات کی جانب سے جاری کردہ ایڈوائزری پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

---

بھارت پاک

امریکہ میں بھارت کے سفیر **Vinay Mohan Kotra** نے زور دے کر کہا ہے کہ اگر پاکستان دوطرفہ معاملات پر بھارت کے ساتھ اشتراک چاہتا ہے تو اسے دہشت گردی کے اس بنیادی ڈھانچے کو پہلے ختم کرنا ہوگا جو اس نے بنا رکھا ہے۔ پاکستان نے دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کو معطل رکھنے کے بھارت کے فیصلے پر احتجاج کیلئے حال ہی میں اسلام آباد میں ایک کانفرنس طلب کی تھی۔ انہوں نے پاکستان کے ایک سابق وزیر خارجہ کے اس بیان کی شدید نکتہ چینی کی جس میں انہوں نے دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کے بارے میں پاکستان کے مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں بھارت کے خلاف جنگ کی دھمکی دی تھی۔

---

آزادی مقابلے

بھارت کی **80** ویں یومِ آزادی کے موقعے پر محکمہ اطلاعات ونشریات مختلف مقابلوں میں شرکت کرنے کیلئے جموں وکشمیر کے **13** سال اور اس سے زائد عمر کے نوجوانوں کو مدعو کر رہا ہے۔ یہ مقابلے پہلی اگست سے **10** اگست تک منعقد ہو رہے ہیں۔ ان مقابلوں میں نیشنل انتھم سنگنگ، **Essay Writting** اور ڈرائنگ کمپٹیشن شامل ہیں۔ امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں کو پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن کیلئے بالترتیب **10** ہزار، ساڑھے **7** ہزار اور **5** ہزار روپے نقد انعام کے طور دیا جائے گا۔

---

شاہراہ/یاترا

دو روز تک بند رہنے کے بعد سرینگر۔جموں قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے بحال کی گئی ہے۔ادھر سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 3 ہزار 186 یاتریوں پر مشتمل 25 واں قافلہ وادی پہنچ گیا۔آج دن کے 4 بجے تک مزید ایک ہزار 909 یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی جن میں ایک ہزار 428 مرد، 283 خواتین اور 54 بچے بھی شامل ہیں۔

---

**NSD**

آکاشوانی سے ہر شام 6 بجکر 25 منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔یہ بلیٹن اب 4 اگست منگلوار سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

---

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت نے عوام سے جو وعدے کئے ہیں انہیں پورا کرنا نیشنل کانفرنس کی اولین ترجیح ہے۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج بیجبہاڑہ اننت ناگ میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے جمہوریت، عوامی حقوق اور جموں وکشمیر کے تشخص کے تحفظ کیلئے عظیم مالی و جانی قربانیاں پیش کی ہیں اور آئندہ بھی ہر آئینی، جمہوری اور سیاسی محاذ پر اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

---

دولت مشترکہ

گلاسگو میں جاری دولت مشترکہ کھیل مقابلوں کا آج آخری دن ہے اور بھارت سونے کے 13 تمغوں سمیت 39 تمغوں کے ساتھ چوتھے مقام پر ہے۔بھارت نے اب تک چاندی کے 17 اور کانسے کے 9 تمغے بھی جیتے ہیں۔ادھر جوڈو میں بھی بھارتی کھلاڑیوں نے 4 تمغے جیت کر تاریخ رقم کی ہے جو دولت مشترکہ کھیلوں میں بھارت کی بہترین کارکردگی ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے شاندار کامیابی حاصل کرنے پر دولت مشترکہ کھیل مقابلوں میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں اور ایتھلیٹس کو مبارکباد دی ہے۔

---

## موسم

موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.1** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **34.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **26.1** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **43** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **30** منٹ پر ہوگا۔

---

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔

---